**06.12.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آ کاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ........... آسیہ میمونہ
**Music**
..................................

1. وزیراعظم نریندر مودی آج دوپہر نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں اَشٹ لکشمی مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔
2. لوک سبھا کی کارروائی، اپوزیشن کے ہنگامے کے دوران دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔
3. RBI نے، کیش ریزرو ریشو میں اعشاریہ پانچ صفر فیصد کی کمی کرکے، اسے چار فیصد کردیا ہے اور ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔
4. وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور جاپان کے درمیان سیمی کنڈیکٹر اشتراک سے عالمی سطح کی ٹیک مارکیٹ کو ایک نظام فراہم ہوگا۔
5. آج بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی برسی، مہاپری نِروان دِوس کے طور پر منائی جارہی ہے۔
6. اور کرکٹ میں: Adelaide میں دوسرے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں آسٹریلیا کیخلاف کھیلتے ہوئے بھارت کے سرکردہ کھلاڑی آؤٹ ہوگئے ہیں۔

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-ASHTALAKSHMI**

وزیر اعظم مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں Ashtalakshmi مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ تین روزہ فیسٹیول کا مقصد 8 شمال مشرقی ریاستوں کے ثقافتی، سماجی اور اقتصادی تانے بانے کو اُجاگر کرنا ہے۔ یہ مہوتسو 8 شمال مشرقی ریاستوں کی ثقافت، ٹیکسٹائل کی درخشاں صنعت، فنکاروں کی دستکاریوں، سیاحتی مواقع اور نادر مصنوعات کو اُجاگر کو کرنے کے لیے غیر معمولی پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ فیسٹیول کے دوران 250 سے زیادہ فنکار اپنی منفرد دستکاریوں، ہینڈلوم اور زرعی و باغبانی فصلوں بشمول 34 جی-آئی ٹیگ والی اشیاء کی نمائش کریں گے۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ مہوتسو ایک فیشن شو، ڈیزائن کانکلیو کے علاوہ خریدار اور فروخت کنندگان کی ایک میٹنگ کی بھی میزبانی کرے گا۔
یہ مہوتسو بامعنی اشتراک اور طویل مدّتی اقتصادی اثرات کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ ×

**LS Adjournet**

لوک سبھا میں آج BJP کے رکن پارلیمنٹ نشی کانت دوبے کی جانب سے اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی اور دیگر کانگریسی لیڈروں کے خلاف الزام کے بارے میں اپوزیشن کے شوروغل اور ہنگامے کے بعد دن کی کارروائی ملتوی کردی گئی۔ وقفہ صفر کے دوران جناب دوبے نے اپنے کل کے ان الزامات کو دوہرایا کہ امریکہ میں سرگرم ایک سرمایہ کار، ایک غیر ملکی میڈیا پلیٹ فارم اور کانگریس پارٹی، بھارت کی کامیابی کی داستاں میں رخنہ ڈالنے کی کوشش کررہی ہیں۔ جب BJP کے رکن پارلیمنٹ کو بولنے کی اجازت دی گئی، تو کانگریس کی قیادت میں اپوزیشن نے ہنگامہ آرائی شروع کردی، جس کے سبب آج باقی دن کیلئے ایوان کی کارروائی ملتوی کرنی پڑی۔×

**RS Currency**

کل راجیہ سبھا چیمبر سے کرنسی نوٹوں کا ایک بنڈل برآمد کیاگیا۔ ایوان ملتوی کئے جانے کے بعد، تخریب کاری مخالف معمول کی جانچ کے دوران، یہ کرنسی نوٹ برآمد کئے گئے۔ آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، تو چیئرمین جگدیپ دھن کھڑ کو اس معاملے سے مطلع کیا گیا۔ اس معاملے کی چھان بین جاری ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہاکہ انہیں چیئرمین کی اس بات سے اتفاق ہے کہ اس معاملے کی سنجیدگی سے تحقیقات کی جانی چاہئیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کسی کو بھی اس پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے۔ ایوان کے لیڈر جے پی نڈا نے بھی اسی طرح کے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک ایسا واقعہ ہے کہ بس کی کوئی مثال نہیں ہے اور سبھی کو اس کی مذمت کرنی چاہئے۔ دوسری جانب اپوزیشن لیڈر ملکا ارجن کھڑگے نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی کو تحقیقات پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔×

**RBI Moneytary**

بھارتیہ ریزرو بینک نے آج دو کے مقابلے چار کی اکثریتی رائے سے، پالیسی ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جو لگاتار آٹھویں مہینے کیلئے بھی ساڑھے چھ فیصد ہے، جس کے نتیجے میں موجودہ جمع رقم SDF کی شرح چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد برقرار ہے اور بینک شرح چھ اعشاریہ سات پانچ فیصد ہے۔

RBI نے فروری 2023 سے شرح سود جوں کی توں برقرار رکھی ہے۔

RBI نے کیش ریزرو ریشو CRR میں اعشاریہ پانچ صفر پوائنٹس کی کمی کرکے اسے چار فیصد کردیا ہے، تاکہ نقد رقم کی امکانی کمی کو دور کیا جاسکے۔ اس طرح ایک اعشاریہ ایک چھ لاکھ کروڑ روپے بینک فنڈز کو کام میں لایا جاسکے گا۔

RBI کی دسمبر کی مالی پالیسی سے متعلق میٹنگ کے بعد RBI کے گورنر جناب شکتی کانت داس نے افراط زر کے دباؤ کے دوران قیمتوں کو استحکام دینے کے مرکزی بینک کے عزم کو دہرایا ہے۔×

**Nadda-TB Campaign**

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا ملک میں تپ دق یعنی ٹی بی کی بیماری اوبر اس سے ہونے والی اموات کے چیلنج سے نمٹنے کے مقصد سے کل ہریانہ کے پنچ کولہ میں ایک 100 روزہ مہم کا آغاز کریں گے۔ ہریانہ کے وزیراعلیٰ اور ہریانہ کی وزیرصحت آرتی سنگھ راؤ بھی اس تقریب میں موجود ہوں گی۔ اس پہل قدمی کو 33 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے 347 ضلعوں میں نافذ کیا جائے گا۔ یہ پہل قومی، 2018 میں نئی دلّی

میں ٹی بی کے خاتمہ سے متعلق سربراہ اجلاس کے موقع پر وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے پیش ''ٹی بی مُکت بھارت'' کے وژن کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔×

**Sonowall Press Conference**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے وزیر سربانندسونووال نے آج کہا کہ آنے والے برسوں میں شمال-مشرقی بھارت میں جنوب-مشرقی ایشیا کی ترقی کا اہم مرکز بننے کی صلاحیت ہے۔ نئی دِلی میں شمال مشرق کو بااختیار بنانے اور آتم نربھر بھارت کے تئیں کایا پلٹ کر دینے والی دہائی کے بارے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ شمال مشرقی بھارت کا حکومت کی مشرق نواز پالیسی میں اہم کردار ہے، جس کی بدولت خطے میں یکسر تبدیلی آئی ہے۔ حکومت کے زمینی سطح کے موقف کو اُجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے گزشتہ دس برس میں **60** مرتبہ سے زیادہ شمال-مشرق کا دورہ کیا ہے، جبکہ مرکزی وزراء ہر **15** دن بعد خطے کا دورہ کرتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس سے خطے کے لوگوں کو بااختیار بننے کے ساتھ ساتھ علاقے میں امن اور استحکام پیدا ہوا ہے۔ جناب سونووال نے کہا کہ شمال مشرق، وِکست بھارت **-2047** وژن کو حقیقت بناکر دکھانے اور بھارت کو آتم نربھر بنانے میں ایک کلیدی کردار ادا کرے گا۔

**S/B: Srabanand Sonowal**

وزیر موصوف نے سماجی مصلح اور بھارتی آئین کے معمار، بھارت رتن ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو اُن کی **69**ویں برسی پر خراجِ عقیدت بھی پیش کیا۔×

**EAM-India-Japaqn Forum**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت اور جاپان کے درمیان، سیمی کنڈکٹر اشتراک کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے۔ آج نئی دلّی میں بھارت جاپان فورَم کے، بات چیت پر مبنی افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملک اس میدان میں تائیوان کے ساتھ بھی کام کاج کررہے ہیں، جس سے ایک بڑی شراکت داری کا راستہ ہموار ہورہا ہے، تاکہ سیمی کنڈکٹر کے سلسلے میں عالمی سطح کی سرگرمیوں کو ایک نظام فراہم کیا جاسکے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ سیمی کنڈکٹرس، آنے والی دہائی میں جغرافیائی سطح پر مساوات لانے کا ایک اہم جزو ہے۔ انہوں نے اس میدان میں اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔

انہوں نے بین الاقوامی اشتراک کیلئے بھارت کی بڑھتی ہوئی آمادگی کا بھی اشارہ دیا، جس میں بیرون ملک مطالعہ کرنے کی طلباء کی حوصلہ افزائی اور بھارت میں غیر ملکی طلباء کا خیر مقدم بھی شامل ہے۔×

**Rev-MAHAPARINIRVAN DIWAS**

بھارتی آئین کے معمار، بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کی اَڑسٹھویں برسی کے موقع پر آج مہاپری نروان دِوس منایا جا رہا ہے۔ اس دن، ملک ایک منصفانہ اور جامع معاشرے کی تعمیر کے لیے باباصاحب امبیڈکر کی تعلیمات اور عزم کی عکاسی کرتے ہوئے اُنہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہے۔

ملک کی تعمیر میں ڈاکٹر امبیڈکر کے گراں قدر تعاون کو اُجاگر کرنے کے لیے ملک بھر میں کئی پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، اور لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس کے پریرنا اسھتل میں ڈاکٹر امبیڈکر کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔

سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند، کانگریس صدر ملکاارجن کھڑگے، ارکان پارلیمنٹ اور دیگر شخصیتوں نے بھی پریرنا اِستھل پر بھارتی آئین کے معمار کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس سال کے شروع میں ممبئی میں Chaitya بھومی کے اپنے دورے کی ایک تصویر شیئر کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے ڈاکٹر امبیڈکر کو سماجی انصاف کا علم بردار قرار دیا۔

انہوں نے خاص طور پر کہا کہ مساوات اور انسانی وقار کیلئے ڈاکٹر امبیڈکر کی انتھک جدوجہد، آئندہ نسلوں کو تحریک دیتی رہے گی۔ جناب مودی نے خاص طور پر کہا کہ آج ملک ڈاکٹر امبیڈکر کے تعاون کا احترام کرتا ہے اور وہ اُن کے نظریات کو پورا کرنے کے عزم کو بھی دہراتا ہے۔

بابا صاحب امبیڈکر ایک قابل احترام رہنما، ماہر قانون، مفکر، ماہر اقتصادیات اور سماجی مصلح تھے، جنہوں نے اپنی زندگی کو سماج میں مساوات لانے اور ذات پات پر مبنی تفریق کو ختم کرنے کیلئے وقف کردی تھی۔ بابا صاحب کو بعد اَز مرگ 1990 میں بھارت رتن سے نوازا گیا تھا۔×

**President Babasaheb Ambedkar**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صبح بھوبنیشور میں بھارت رتن بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ رام جی امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ صدر جمہوریہ نے عظیم رہنما، مفکر اور مصلح کی 68ویں برسی ''مہاپری نروان دیوس'' کے موقع پر ریاستی گورنر رگھوبرداس اور دیگر معزز شخصیات کے ہمراہ، اوڈیشہ کی راجدھانی میں A.G.Square پر بابا صاحب کے مجسّمے پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ بابا صاحب امبیڈکر نے اپنی پوری زندگی، مساوات اور برابری کی پُرزور حمایت کرنے اور ذات پر مبنی تفریق کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے وقف کردی تھی۔

صدر جمہوریہ منگل سے اپنے آبائی ریاست اوڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر ہیں۔ وہ آج سہ پہر اپنے آبائی وطن میور بھنج ضلع میں Uparbeda جائیں گی۔ وہ آج اور کل میور بھنج ضلع میں کئی پروگراموں میں شرکت کریں گی۔×

**Iran Earth Quake**

ایران میں جنوب مغربی صوبے Khuzestan میں آج صبح پانچ اعشاریہ چھ شدت کا ایک زلزلہ آیا، جس سے کم سے کم 29 افراد زخمی ہوگئے۔ یہ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق صبح سات بجکر 32 منٹ پر آیا۔ یہ Haftkel کاؤنٹی میں دس کلو میٹر کی گہرائی میں مرکوز تھا۔ زلزلے کے جھٹکے مسجد سلیمان کاؤنٹی اور صوبائی راجدھانی Ahvaz میں بھی محسوس کئے گئے۔

Khuzestan کے گورنر محمد رضا Mavali Zadeh نے کہا ہے کہ اس زلزلے سے مسجد سلیمان کاؤنٹی میں 296 رہائشی مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچاؤ ٹیمیں، زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کیلئے روانہ کردی گئی ہیں۔×

## Bangladesh Minority

بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے سربراہ پروفیسر محمد یونس نے کل ملک میں اقلیتوں پر حملوں سے متعلق درست اور صحیح معلومات حاصل کرنے کی غرض سے مذہبی لیڈروں سے مدد طلب کی ہے۔ کل ڈھاکہ میں مذہبی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کے دوران، انہوں نے کہا کہ اقلیتوں پر حملوں کا معاملہ ایک مرتبہ پھر سامنے آیا ہے اور غیر ملکی میڈیا اس سے متعلق خبریں نشر کر رہا ہے۔ تاہم غیر ملکی میڈیا کے ذریعے پھیلائی جانے والی خبروں اور حقیقت کے درمیان فرق ہے۔ جناب یونس نے کہا کہ سرکار چاہتی ہے کہ اس سلسلے میں درست معلومات حاصل ہو۔ انہوں نے مذہبی رہنماؤں سے زور دے کر کہاکہ وہ بات چیت میں شامل ہوں، تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ کس طرح محفوظ طریقے سے درست معلومات حاصل کی جاسکتی ہے۔ ×

## Martyrdom Day

آج ملک اور بیرون ملک، شری گروتیغ بہادر جی کا 349 واں یوم شہادت پوری عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔
عقیدت مند، امرتسر میں گرودوارہ گرو کا محل اور شری ہرمَندِر صاحب میں اور دیگر جگہوں پر، سکھوں کے نویں گرو کو خراج عقیدت پیش کررہے ہیں اور گروبانی سن رہے ہیں۔ آج صبح سویرے سری اَکھنڈ پتھ صاحب کے بھوگ کے بعد، گرو تیغ بہادر جی کے احترام میں دیوان سجائے جارہے ہیں اور منتر پڑھے جارہے ہیں۔ عقیدت مند، لنگروں میں حصہ لے سکیں، اس کیلئے پورے پنجاب میں بہت سی جگہوں پر اجتماعی رسوئیوں کا انتظام کیا جارہا ہے۔
شری اَکال تخت صاحب کے جتھے دار اور شری ہرمَندِر صاحب کے ہیڈ گرنتھی گیانی رگھبیر سنگھ نے اجتماع اور عام لوگوں سے درخواست کی ہے کہ وہ شری گروتیغ بہادر جی کی زندگی سے سبق حاصل کریں۔×

## Prez Odisha Visit

صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ کسی انسان کی ہمہ جہت ترقی کیلئے، تعلیم ہی واحد راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کا مقصد محض روزگار حاصل کرنا نہیں ہونا چاہئے اور طلباء کو تعلیم کے ذریعہ وسیع علم حاصل کرنا چاہئے، کیونکہ یہ کسی شخص کو بہتری کی طرف لے جاتا ہے۔
صدر جمہوریہ نے یہ بات میور بھنج ضلعے میں اوپربید گورنمنٹ ہائر پرائمری اسکول کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جہاں انہوں نے کبھی تقریباً 60 سال پہلے تعلیم حاصل کی تھی۔
صدرجمہوریہ مرمو، منگل سے اپنے وطن اڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر ہیں، وہ ملک کے اس اعلیٰ ترین عہدے پر مقرر ہونے کے بعد آج صبح پہلی بار اپنے آبائی گاؤں اوپربید پہنچی ہیں۔×

## Day Test Cricket

کرکٹ میں : آج Adelaide Oval میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈ-گواسکر ٹرافی کے تحت دوسرا ٹیسٹ کھیلا جارہا ہے۔ بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں اب سے تھوڑی دیر پہلے تک 8 وکٹ پر 146 رن بنالئے تھے۔
پرتھ میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میں جیت حاصل کرنے کے بعد، مہمان بھارت کو اس سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل ہے۔×